**ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست منتخب نمائندے، سابق حق پرست ٹاؤن وضلعی ناظمین، کونسلرز اور کارکنان**

**کراچی اوراندرون سندھ میں بارش متاثرین کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے جاری امدادی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیں، الطاف حسین**

**کارکنان ورضا کار بارش کے پانی میں پھنسے ہوئے لوگوں کی مدد کریں، ٹریفک جام کے مسائل اور دیگر صورتحال سے نمٹنے کیلئے فعال کردار ادا کریں**

**سماجی تنظیموں سے اپیل کی کہ وہ بھی متاثرہ افراد کی بھر مدد کریں**

**مخیر حضرات خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں میں بھرپور تعاون کریں اوردل کھول کر عطیات جمع کرائیں**

**صدر، وزیراعظم اور وزیراعلیٰ سندھ بارشوں سے ہونے والی تباہی سے نمٹنے کیلئے ایمرجنسی ڈیسزاسٹر مینجمنٹ سیل کو فی الفور فعال کریں**

لندن:۔۔۔13، ستمبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی ،حق پرست منتخب نمائندوں ، کراچی اور سندھ بھر میں سابق حق پرست ٹاؤن ناظمین ، نائب ٹاؤن ناظمین ، یوسی ناظمین ، نائب یوسی ناظمین ، کونسلرز اور کارکنوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ کراچی اور سندھ بھر میں بارشوں اور سیلاب سے پیدا ہونے والی بدترین صورتحال سے متاثرہ عوام کی بھرپور مدد کریں ۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بارشوں سے اندورن سندھ تو تباہی اور آفت کا شکار تھا ہی لیکن کراچی میں بھی کل سے نہ تھمنے والی بارش کے سبب شہری زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی ، کراچی سمیت اندرون سندھ کے لاکھوں عوام بے گھر ہوگئے ہیں اور کھلے آسمان تلے اپنی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں اور امداد کے منتظر ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت اندرون سندھ میں بارش متاثرین کی بھرپور امدادی سرگرمیاں جاری ہیں ، طبی کیمپوں سمیت بارش متاثرین کو غذائی اجناس اور امدادی اشیاء کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے تاہم اب کراچی میں بھی بارشوں کے باعث صورتحال انتہائی گھمبیر ہوگئی ہے ، شہر میں پانی کھڑا ہو جانے کے باعث ٹریفک جام اور دیگر مسائل سے عوام دوچار ہو چکے ہیں اور ایسی صورتحال میں ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن سے وابستہ ایک ایک کارکن اور رضا کار بارش متاثرین کی بحالی اور انہیں مصیبت سے نجات دلانے کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں میں حصہ لے اور فعال کردار ادا کرے ۔ انہوں نے سماجی تنظیموں سے اپیل کی وہ اندرون سندھ اور کراچی میں بارش سے پیدا ہونے والی سنگین صورتحال اور متاثرین کی امداد کیلئے آگے آئیں اور بارش متاثرین کی جس قدر ممکن ہو سکے مدد کریں ۔ انہوں نے مخیر حضرات سے اپیل کی کہ وہ بارش متاثرین کی امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ساتھ تعاون کریں اور دکھی انسانیت کی خدمت میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں ۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری ، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علیشاہ سے مطالبہ کیا کہ اندرون سندھ اور کراچی میں طوفانی بارشوں سے ہونی والی تباہی سے نمٹنے اور بارش متاثرین کی ہر ممکن اور ہر صورتحال میں امداد کیلئے ایمرجنسی ڈیسزاسٹر مینجمنٹ سیل کو فی الفور فعال کیا جائے اور بارش متاثرین کی امداد اور بحالی میں کوئی کثر نہ چھوڑی جائے ۔

**متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر حالیہ طوفانی بارشوں سے متاثرہ عوام کیلئے اندرون سندھ نواب شاہ ، ٹھٹھہ سمیت دیگر علاقوں میں خدمت خلق فاؤنڈیشن اور میڈیکل ایڈ کمیٹی کی جانب سے طبی امدادی کیمپوں کا انعقاد**

**رابطہ کمیٹی کے ارکان جاوید کاظمی اور اشفاق منگی کا متاثرہ علاقوں کا دورہ اور متاثرین سے ملاقات**

**مریضوں میں بارشوں کے باعث پیدا ہونیوالی وبائی امراض اور مختلف بیماریوں سے بچاؤ کیلئے لاکھوں روپے مالیت کی طبی ادویات تقسیم کی گئیں**

**طبی کیمپوں سے مستفید ہونیوالے افراد کا قائد تحریک جناب الطاف حسین سے اظہار تشکر، درازی عمر، صحت وتندرستی کیلئے دعا**

ٹھٹھہ:۔۔۔13 ستمبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر حالیہ طوفانی بارشوں سے متاثرہ عوام کیلئے اندرون سندھ نواب شاہ ، ٹھٹھہ سمیت دیگر علاقوں میں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن اور میڈیکل ایڈ کمیٹی کی جانب سے طبی امدادی کیمپ لگا دیئے گئے جہاں رابطہ کمیٹی کے ارکان حق پرست ارکان اسمبلی و دیگر تنظیمی ذمہ داران کیمپوں کا دورہ کر کے متاثرین کی خبر گیری اور امدادی سرگرمیوں میں حصہ لے رہے ہیں ۔ تفصیلات کے مطابق رابطہ کمیٹی کے ارکان جاوید کاظمی اور اشفاق منگی نے ٹھٹھہ اور نواب شاہ میں حالیہ طوفانی بارشوں سے متاثرہ علاقوں سانگھڑ روڈ ، ڈبل روڈ ، جام صاحب روڈ ، تاج کالونی ، گولیمار ، بوچھیری ، کچہری روڈ ، موتنی بازار ، لیاقت روڈ ، ایسر پورہ ، ملک کالونی ،

عظیم کالونی اورمہران کالونی کا دورہ کیا اور متاثرین سے ملاقات کی۔اس موقع پرایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج نثار احمد پنہور، مرید بروہی، رکن قومی اسمبلی صلاح الدین، رکن سندھ اسمبلی عبدالحسیب، رکن اندرون سندھ تنظیمی وحق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ہیر سوہو، سلیم معظم اور غلام حیدر راہو کے علاوہ ایم کیوایم ٹھٹھہ اور نواب شاہ کے زونل انچارج واراکین زونل کمیٹی سمیت ذیلی یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان بھی انکے ہمراہ تھے۔انہوں نے متاثرین میں لاکھوں روپے مالیت کی غذائی اجناس بھی تقسیم کیں جس میں آٹا، چاول، دالیں خشک دودھ بسکٹ، چائے کی پتی اور دیگر روزمرہ استعمال کی اشیاء شامل ہیں۔علاوہ ازیں انہوں نے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ٹھٹھہ کے علاقے بھوروا اور نواب شاہ میں یوسی 3 غریب آباد میں قائم طبی امدادی کیمپوں کا دورہ کیا اور وہاں موجود مریضوں، ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مریضوں کی خیریت دریافت کی انہیں علاج ومعالجے کے سلسلے میں دی جانیوالی امداد کا جائزہ لیا۔طبی کیمپوں پر موجود مریضوں میں بارشوں کے باعث پیدا ہونیوالی وبائی امراض اور مختلف بیماریوں سے بچاؤ کیلئے لاکھوں روپے مالیت کی طبی ادویات تقسیم کی گئیں۔اس موقع پر انہوں نے طبی کیمپوں پر موجود متاثرین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم دکھی انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور اس کے نزدیک دکھی انسانیت کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے ۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت ہے کہ اندرون سندھ میں حالیہ طوفانی بارشوں میں ہونیوالی تباہی اور اس کے نتیجے میں متاثر ہونیوالے افراد کی ہر ممکن مدد کی جائے۔انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن نے قدرتی وناگہانی آفات میں اندرون سندھ کے عوام کو کبھی تنہا نہیں چھوڑا اور آج بھی ایم کیوایم کے کارکنان اور ذمہ داران متاثرہ علاقوں میں عوام کی خدمت کیلئے دن رات کوشاں ہیں۔بعدازاں طبی کیمپ سے مستفید ہونیوالے افراد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین سے اظہار تشکر کرتے ہوئے ان کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کے لئے دعا بھی کی۔

## کراچی، حیدرآباد، ٹھٹھہ، نوابشاہ سمیت سندھ کے دیگر علاقوں میں طوفانی بارشوں سیلاب، کرنٹ لگنے اور مکانوں کی چھتیں گرنے سمیت دیگر واقعات میں بڑے پیمانے پر جانی ومالی نقصانات پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تشویش
## جاں بحق وزخمی ہونیوالے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار

کراچی:۔۔۔13 ستمبر، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی، حیدرآباد، ٹھٹھہ، نوابشاہ سمیت سندھ کے دیگر علاقوں میں طوفانی بارشوں، سیلاب، کرنٹ لگنے اور مکانوں کی چھتیں گرنے سمیت دیگر واقعات میں بڑے پیمانے پر جانی ومالی نقصانات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے شدید بارشوں اور سیلاب میں متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی مغفرت اور زخمی ہونیوالے افراد کی صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔انہوں نے بارشوں کے باعث مالی نقصانات پر متاثرہ افراد سے دلی ہمدردی کا اظہار بھی کیا۔

## سول اسپتال اور جناح اسپتال میں بجلی کی طویل بندش کے سبب متعدد مریضوں کی ہلاکت رابطہ کمیٹی کا اظہارِ افسوس
## اسپتالوں میں بجلی کی طویل بندش کا فی الفور نوٹس لیا جائے

کراچی:۔۔۔13 ستمبر، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سول اسپتال اور جناح اسپتال میں بجلی کی طویل بندش کے سبب متعدد مریضوں کی ہلاکت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اسپتالوں میں بجلی کی طویل بندش کے سبب نہ صرف مریضوں کو دشواری لاحق ہے بلکہ بجلی نہ ہونے کی وجہ سے مریضوں کے آپریشن بھی وقت پر نہ ہونے کی وجہ سے قیمتی انسانی جانیں ضائع ہو رہی ہیں جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے اسپتالوں میں جاں بحق ہونیوالے افراد پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمددردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) رابطہ کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ سول اسپتال اور جناح اسپتال میں بجلی کی طویل بندش اور اس کے سبب متعدد مریضوں کی ہلاکت کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور واقعہ میں ملوث عناصر کیخلاف سخت سے سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## اس سال 17 ستمبر کو قائد تحریک الطاف حسین کی سالگرہ کے حوالے سے کسی قسم کی کوئی تقریب منعقد نہیں کی جائے گی ۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کا فیصلہ
## یہ فیصلہ ایم کیو ایم کے شہید کنو یز ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی پہلی برسی ، کراچی میں دہشت گردوں کے ہاتھوں
## شہید ہونے والے شہریوں کے سوگ اور ملک میں بارشوں اور سیلاب سے ہونے والی تباہی کے پیش نظر کیا گیا
## جمعہ 16 ستمبر کو ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی پہلی برسی نہایت عقیدت واحترام سے منائی جائے گی
## پاکستان کے تمام زونوں اور اوورسیز یونٹوں میں ڈاکٹر عمران فاروق شہید، کراچی میں شہید ہونے والے
## معصوم شہریوں اور ملک بھر میں بارشوں اور سیلاب کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والوں کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی جائے گی

کراچی ۔۔۔13 ستمبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ اس سال 17 ستمبر کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی سالگرہ کے حوالے سے پاکستان سمیت دنیا بھر میں کسی قسم کی کوئی تقریب منعقد نہیں کی جائے گی ۔ اس بات کا فیصلہ ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان اور لندن کے مشترکہ اجلاس میں کیا گیا ۔ قائد تحریک الطاف حسین کی سالگرہ کی تقریبات منعقد نہ کرنے کا فیصلہ متحدہ قومی موومنٹ کے شہید کنو یز ڈاکٹر عمران فاروق کی پہلی برسی ، گزشتہ دنوں کراچی میں ہونے والی قتل وغارتگری اور سندھ سمیت ملک بھر میں بارشوں اور سیلاب سے بڑے پیمانے پر ہونے والی تباہی اور جانی و مالی نقصانات کے پیش نظر کیا گیا ہے ۔ اجلاس میں طے کیا گیا کہ جمعہ 16 ستمبر کو شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی پہلی برسی نہایت عقیدت واحترام سے منائی جائے گی اور ایم کیو ایم کے زیراہتمام پاکستان کے تمام زونوں اور اوورسیز یونٹوں میں ڈاکٹر عمران فاروق شہید ، گزشتہ دنوں کراچی میں دہشت گردوں کے ہاتھوں شہید ہونے والے معصوم شہریوں اور سندھ سمیت ملک بھر میں بارشوں اور سیلاب کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والوں کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی کی جائے گی ۔ رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں ڈاکٹر عمران فاروق شہید سمیت تمام شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا گیا اور گزشتہ دنوں دہشت گردوں کے ہاتھوں کراچی میں شہید ہونے والوں اور بارشوں اور سیلاب کے باعث جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا گیا ۔

## اس وقت جن مسائل کا سامنا ہے اس کے تدارک کیلئے ضروری ہے کہ ہر آدمی اپنی ذمہ داری
## ایمانداری سے پوری کرے، مصطفیٰ کمال نجی ٹی وی چینل سے گفتگو

کراچی ۔۔۔13 ستمبر 2011ء

ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے سابق ناظم سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ منتخب نمائندوں اور سرکاری اہلکاروں میں واضح فرق ہے منتخب نمائندے عوام کو جوابدہ ہوتے ہیں جبکہ سرکاری اہلکار اپنی ڈیوٹی پوری کرتے ہیں ۔ ان خیالات اظہار انہوں نے منگل کے روز نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کیا ۔ پروگرام میں مصطفیٰ کمال نے کہا کہ اس وقت جن مسائل کا سامنا ہے ان کے تدارک کیلئے ضروری ہے کہ ہر آدمی اپنی ذمہ داری ایمانداری سے پوری کرے ۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان کے دور میں کراچی میں پانچ نئے کارڈیو اسپتال تعمیر کیے ، کروڑوں روپے کی جدید مشینری خریدی ، نکاسی آب کیلئے زیر زمین کروڑوں روپے کی سیوریج لائنیں ڈالی ، پل تعمیر کئے ، پارکس تعمیر کئے ، کوریڈورفری شاہراہیں بنائی ، سڑکوں کو جدید طریقے سے تعمیر کیا ، اسپتالوں میں جدید طرز کی مشینری نصب کیں وغیرہ وغیرہ ۔ انہوں نے کہا کہ سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ میں بیک وقت چار ہزار دو نمائندے عوام کے درمیان ہمہ وقت موجود تھے جس وقت کراچی کی نظامت ان کے ہاتھ میں تھی تو وہ رات رات بھر شہر کی شاہراہوں پر گشت کر کے شہریوں کو سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں رہتے تھے ۔ انہوں نے کہا کہ سوٹ پہن کر ڈیوٹی کرنے اور موبائل بند کر کے بچوں کے ساتھ گھروں میں رہنے سے مسائل حل نہیں ہوتے بلکہ اس کیلئے جینس پہن کر پانی میں کام کرنا ہوگا ۔ انہوں نے شہری حکومت کو مشورہ دیا کہ وہ کمانڈ اینڈ کنٹرول روم قائم کرے ، ملازمین کو شفٹوں میں ڈیوٹی لگائے اور مشینری ان سات مقامات پر لگائے جہاں پانی کا باؤ زیادہ ہے ۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈینگی مچھر صاف پانی میں افزائش پاتا ہے لہٰذا ضروری ہے کہ ڈینگی سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر پر عمل کیا جائے ۔

## قائد تحریک الطاف حسین کے خصوصی ہدایت پر گذشتہ رات حیدرآباد میں ہونے والی طوفانی بارش سے متاثرین علاقوں کا متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے ذمہ داران اور حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی کا دورہ
## بارش کے پانی کی نکاسی کے اقدامات کو یقینی بنانے اور بجلی کی سپلائی کے معطل ہونے کی صورت میں پمپنگ اسٹیشنوں کو جنریٹر سے چلانے کی ہدایات

حیدرآباد۔۔۔13 ستمبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے جوائنٹ زونل انچارج نوید شمسی واراکین زونل کمیٹی افتخار قائم خانی،ظفر احمد صدیقی ،اقبال قریشی ،حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی اکرم عادل اور سید وسیم حسین نے حیدرآباد سٹی جبکہ لطیف آباد میں جوائنٹ زونل انچارج ذوالفقار علی خانزادہ ،رکن زونل کمیٹی وحق پرست ایم پی اے سہیل یوسف نے قائد تحریک الطاف حسین کے خصوصی ہدایت پر گذشتہ رات حیدرآباد میں ہونے والی طوفانی بارش سے متاثرین علاقوں کا دورہ کیااس موقع پر تعلقہ ایڈمنسٹریٹر سٹی ڈاکٹر آصف رضوی ،لطیف آباد عبدالمجید راجپوت اور HDA کے افسران بھی انکے ہمراہ تھے انہوں نے شہر و لطیف آباد میں طوفانی بارشوں کے باعث متاثر ہونے والے علاقوں میں صحت وصفائی کے معاملات اور نالوں ،نالیوں اور سیوریج سسٹم کی درستگی اور HDA کے پمپنگ اسٹیشن کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کو یقینی بنانے سے متعلق ہدایات دیں اور بارش کے پانی کی نکاسی کے اقدامات کو یقینی بنانے اور بجلی کی سپلائی کے معطل ہونے کی صورت میں پمپنگ اسٹیشنوں کو جنریٹر سے چلانے کی ہدایات کیں اس موقع پر حق پرست نمائندوں نے ڈسٹرکٹ انتظامیہ کے افسران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حیدرآباد قائد تحریک کے چاہنے والوں کا شہر ہے اور اسکی عوام کی خدمت حق پرست نمائندوں کی اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ بارشوں کے دوران عوام کو تکالیف سے بچا کر انہیں زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنا بے حد ضروری ہے اور قائد تحریک کی بھی حق پرست نمائندوں اور ذمہ داران کو یہی ہدایت ہے لہٰذا انتظامیہ تمام اقدامات کو یقینی بنائے تاکہ بارشوں کے دوران عوام کو کسی قسم کی انتظامی پریشانی کا سامنا نہ ہو اور موجودہ صورتحال میں شہر اور شہریوں کو ریلیف دینے کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے اور اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لاتے ہوئے ہر پریشانی سے نمٹنے کیلئے اقدامات کئے جائیں۔

## پشاور میں اسکول وین پر فائرنگ کا واقعہ ملک وامن دشمن عناصر کی گھناونی سازش ہے،گلفراز خان خٹک
## واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے

کراچی:۔۔۔13 ستمبر،2011ء

خیبر پختونخواہ سے تعلق رکھنے والے متحدہ قومی موومنٹ کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے رکن گلفراز خان خٹک نے خیبر پختونخواہ کے شہر پشاور میں اسکول وین پر فائرنگ کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس کے نتیجے میں پانچ طلباء کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے دہشت گردی کے اس واقعہ کو ملک وامن دشمن عناصر کی گھناونی سازش قرار دیا ہے۔گلفراز خان خٹک نے کہا کہ بعض درندہ صفت عناصر اپنی مجرمانہ سرگرمیوں کے ذریعے معصوم بچوں کا قتل عام کررہے ہیں تاکہ ملک کے امن کو تباہ کرکے ظلم وبربریت کی فضاء کو پروان چڑھایا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخواہ کے شہر پشاور میں اسکول وین پر فائرنگ کا واقعہ بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جسکی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے جاں بحق ہونیوالے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت اور زخمیوں کی صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ پشاور میں اسکول وین پر فائرنگ کے واقعہ کا نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے انہیں عبرتناک سزا دی جائے۔

☆☆☆☆☆